# شراکت کی معلوماتی شیٹ

## 15 مارچ  پروجیکٹ: اثرات اور بحالی

مقام:  یونیورسٹی آف اوٹاگو، کرائسٹ چرچ

اخلاقیات ریفرینس نمبر: 19/NTA/147

پروجیکٹ لیڈر: ڈاکٹر کیرولین بیل

رابطہ نمبر:  033726700

# السلام علیکم

آپ کو سانحہ 15 مارچ  کے کرائسٹ چرچ مسلم کمیونیٹی پر پڑنے والے اثرات کا جائزہ لینے والے پروجیکٹ میں حصہ لینے کے لئے مدعو کیا گیا ہے۔ ہم زیادہ سے زیادہ لوگوں سے بات کرنا چاہتے ہیں، ان لوگوں سے بھی جنہیں لگتا ہے کے انہوں نے حالات کا اچھے سے مقابلہ کیا ہے۔

ہم آپ کو اس پروجیکٹ میں حصہ لینے کی دعوت دے رہے ہیں کیونکہ:

- آپ یا آپ کے خاندان کے افراد 15مارچ 2019 کو دونوں میں سے ایک مسجد کے اندر یا قریب موجود تھے۔
- آپ سانحے میں شہید یا زخمی ہونے والوں کے قریبی رشتہ دار ہیں۔
- آپ کرائسٹ چرچ مسلم کمیونیٹی کے فرد ہیں جو سانحہ 15 مارچ کے وقت یا فوراً بعد کرائسٹ چرچ میں موجود تھے، اورابھی بھی کینٹربری میں رہ رہے ہیں۔

یہ معلوماتی شیٹ آپ کو اس پروجیکٹ میں حصہ لینے کا فیصلہ کرنے میں مدد کرے گی۔ اس معلوماتی شیٹ میں درج ہے کہ ہم یہ پروجیکٹ کیوں کر رہے ہیں، آپ کی شراکت میں کیا کیا شامل ہے، آپ کو اس پروجیکٹ سے کیا فوائد اور ممکنہ خطرات ہو سکتے ہیں، اور اس پروجیکٹ کے ختم ہونے کے بعد کیا ہوگا۔  ہم آپ کے ساتھ ان معلومات کا جائزہ لیں گیں اور آپ کے ممکنہ سوالات کے جوابات دیں گیں۔

اگر آپ اس پروجیکٹ میں حصہ لینے پر راضی ہیں تو آپ کو ایک رضامندی فارم بھرنے کے لیے دیا جائے گا۔ آپ کو حوالے کے لیے شراکت کی معلوماتی شیٹ اور رضامندی فارم دونوں کی کاپی فراہم کی جائے گی۔

براہ مہربانی اِس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ نے اس معلوماتی شیٹ کے تمام صفحات کو پڑھا اور سمجھا ہے۔ اگر آپ کے کوئی بھی سوالات ہیں تو برائے مہربانی ہم سے پوچھیں۔

## اِس پروجیکٹ کا کیا مقصد ہے؟

یہ ایک طویل مدتی پروجیکٹ کا ابتدائی مرحلہ ہے جس میں جائزہ لیا جائے گا کہ لوگ 15 مارچ کے بعد کس طرح سے حالات کا مقابلہ کر رہے ہیں۔ اس پروجیکٹ میں ہم مختلف سوالنامے استعمال کرتے ہیں جو معاشرتی، نفسیاتی، روحانی عوامل اور کوویڈ-19 کے اثرات کا جائزہ لیتے ہیں۔ انٹرویو کے بعد اگر آپ یا ریسرچ نرس کسی امداد کی نشاندہی کریں جو آپ کے لئے فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہیں، توہم مناسب سروسز تک رسائی کا انتظام کرسکتے ہیں۔

**ہم توقع کرتے ہیں کہ اس مرحلے کے لئے انٹرویو 2021 کے آخر تک جاری رہیں گے۔**

یہ پروجیکٹ ایسوسی ایٹ پروفیسر کیرولین بیل، ڈاکٹر روقیہ سلیمان ہل، پروفیسر رچرڈ پورٹر، ڈاکٹر بین بیگا ہول، پروفیسر جوزف بوڈن، اور ڈاکٹر شائستہ ڈین یونیورسٹی آف اوٹاگو، کرائسٹ چرچ کے شعبہ نفسیاتی میڈیسن، اور پروفیسر فلپ شلوٹر یونیورسٹی آف کینٹربری، کرائسٹ چرچ کے اسکول آف ہیلتھ سائنسز کی ٹیم کر رہی ہے۔ اس کی مالی اعانت ہیلتھ ریسرچ کونسل آف نیوزی لینڈ اور کینٹربری میڈیکل ریسرچ فاؤنڈیشن کی گرانٹ سے حاصل ہوئی ہے۔

اس پروجیکٹ کو ہیلتھ اور ڈس ایبلیٹی کی اخلاقیاتی کمیٹی (ایچ ڈی ای سی) کی طرف سے اخلاقیاتی منظوری ملی ہے (ریفرینس نمبر:19/NTA/147)۔

## پروجیکٹ میں میری شرکت کرنے میں کیا کیا شامل ہے ؟

اگر آپ اس پروجیکٹ میں حصہ لینے کا فیصلہ کرتے ہیں تو ہمارے ایک مسلم یا غیر مسلم ریسرچ اسسٹنٹ (جو بھی آپ چاہیں) اور ریسرچ نرس آپ کا آن لائن یا روبرو انٹرویو لیں گیں۔ ہم یہ یقینی بنانے کی کوشش کریں گیں کہ انٹرویو لینے والا آپ کی ترجیحی زبان بولے۔ **انٹرویو میں لگ بھگ دو گھنٹے لگ سکتے ہیں۔**

**ہم آپ کو یقین دلانا چاہتے ہیں کہ آپ سے سانحہ 15 مارچ کی تفصیل نہیں پوچھی جائے گی۔**

انٹرویو کے دوران آپ کئی سوالنامے مکمل کریں گیں۔ یہ سوالنامے نفسیاتی اور جسمانی صحت، امدادی نیٹ ورکس (support networks)، مذہبی کوپنگ (religious coping)، کوویڈ-19 کے اثرات، اور آپ اور آپ کے کنبے کے بارے میں عمومی سوالات پر مبنی ہیں۔ اس انٹرویو میں آپ کی خیروعافیت جانچنے کے لئے ایک کلینیکل جزو بھی شامل ہے جس کے لئے نرس آپ سے کچھ سوالات کرے گی۔

ہم آپ کی جسمانی صحت پر ہونے والے امکانی اثرات اور ان میں ہونے والی تبدیلیوں کو بھی سمجھنا چاہتے ہیں۔ ایسا کرنے کے لئے، ہمیں آپ کا مخصوص NHI (نیشنل ہیلتھ انڈیکس) نمبر استعمال کرنے کی اجازت درکار ہے۔ اس نمبر سے ہمیں 15 مارچ سے 5 سال قبل اور پروجیکٹ کے دوران، آپ کی ہیلتھ پروائیڈر سے ملاقات کی تعداد کا موازنہ کرنے میں مدد ملے گی۔ پروجیکٹ میں NHI نمبر پوچھنے کی وجہ صرف ملاقات کی تعداد کا موازنہ کرنا ہے، نا کہ ان ملاقاتوں کی وجہ معلوم کرنا۔ رضامندی فارم پر آپ اسے آپٹ آؤٹ (opt-out یا انکار) بھی کر سکتے ہیں۔ آپ سے یہ بھی پوچھا جائے گا کہ آیا 15 مارچ کا طویل مدتی جائزہ لینے والی ریسرچ ٹیم آپ سے مستقبل میں رابطہ کرے۔

## آن لائن زوم انٹرویو بوجہ کوویڈ-19

کوویڈ-19 کی عالمی وبا کے باعث اب ہم انٹرویو بذریعہ انٹرنیٹ زوم ٹیلی ہیلتھ سیشن اور آن لائن سوالناموں کے ذریعے بھی کر سکتے ہیں ۔ تاہم، اگر آپ آن لائن انٹرویو میں سہولت محسوس نہیں کرتے تو، ہم آپ کے ساتھ روبرو انٹرویو کرنے کا انتظام کرسکتے ہیں.

زوم آن لائن ویڈیو کانفرنسنگ کال کا ایک پلیٹ فارم ہے۔ یہ آپ کے لیے ایک مفت سروس ہے۔ آپ ای میل پر مہیا کردہ لنک کے ذریعے زوم تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ زوم استعمال کرنے کے لیے آپ کے پاس انٹرنیٹ (وائی فائی یا ڈیٹا) ہونا چاہیے، اور ایک کیمرے والا کمپیوٹر ہونا چاہیے تا کے ہم ایک دوسرے کو دیکھ سکیں۔ اگر آپ کے کمپیوٹر میں کیمرہ نہیں ہے تو ہمیں اس سے آگاہ کریں۔ یونیورسٹی آف اوٹاگو زوم کا ایسا مکمل پلیٹ فارم مہیا کرتی ہے، جو آپ کی آن لائن سیکورٹی کو یقینی بنانے والی تمام خصوصیات کا حامل ہے۔

زوم انٹرویو کے دوران، ایک ریسرچ اسسٹنٹ اور ایک ریسرچ نرس موجود ہوگی جو آپ کو بتائیں گیں کہ انٹرویو کے دوران آپ کو کیا کیا کرنا ہے۔ یہ دونوں اس ضمن میں آپ کے ممکنہ سوالات کے جوابات بھی دیں گیں۔

یہ انتہائی ضروری ہے کہ انٹرویو کسی ایسی نجی جگہ پر کیا جائے جہاں کسی قسِم کی (خصوصاً بچوں کی) مداخلت نہ ہو اور نہ ہی کوئی اور ہمارے انٹرویو کو سن سکے۔ ہم آپ سے کسی قریبی شخص کا فون نمبر بھی پوچھیں گیں جو انٹرویو کے دوران ضرورت پڑنے پر آپ کو مدد فراہم کرسکے۔

سوالناموں کے جوابات ایک محفوظ الیکٹرانک سروے پلیٹ فارم کے ذریعے اکٹھے کیے جائیں گیں اور ان کو ایک ناقابلِ شناخت فارمیٹ میں محفوظ کیا جائے گا۔

ہم کوئی زوم سیشن ریکارڈ نہیں کریں گے، اور ہم درخواست کرتے ہیں کہ آپ بھی ایسا نہ کریں۔

اگر آپ زوم ٹیلی ہیلتھ کے بارے میں اضافی معلومات چاہتے ہیں تو، براہ مہربانی ٹیلی ہیلتھ کے بارے میں معلوماتی دستاویز پڑھیں۔

## اس پروجیکٹ کے ممکنہ فوائد اور خطرات کیا ہیں؟

### پروجیکٹ میں حصہ لینے کے ممکنہ فوائد کیا ہیں؟

ہم امید کرتے ہیں کہ ہم سانحہ 15 مارچ سے متاثرہ افراد کے بارے میں بہتر سمجھ بوجھ حاصل کر سکیں گیں اگرچہ انہیں محسوس ہو کہ انہوں نے حالات کا اچھی طرح سے مقابلہ کیا ہے۔ مختلف لوگ مختلف طرح سے ردعمل ظاہر کرتے ہیں۔ لہذا ہم سب شرکاء سے ایک ہی جیسے سوالات کریں گیں تاکہ معلوم کیا جا سکے کہ آپ کے لئے کیا مددگار رہا اور آپ کو مزید کیا کچھ درکار ہے۔

انٹرویو کے بعد، اگرآپ یا نرس کسی ایسی چیز کی نشاندہی کرتے ہیں جو فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے توآپ کے ساتھ مناسب ریفرل پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ یہ امداد کمیونٹی سپورٹ، عملی مسائل میں مدد، جی پی، یا دیگر ماہر صحت کے ذریعے ہو گی۔

ان تجربات سے ریسرچ ٹیم کو ثقافتی طور پر قابل عمل سروسز کی تشکیل میں مدد ملے گی۔ اس پروجیکٹ میں بھرپور دلچسپی کے سبب مسلم کمیونٹی کو درپیش مشکلات اور ان کے رد عمل کے مثبت پہلوؤں کو ظاہر کرنے میں مدد ملے گی۔ جس کے لیے نیوزی لینڈ اور مقامی مسلم کمیونٹی کو سراہا گیا ہے۔ ہم یہ بھی امید کرتے ہیں کہ اس ریسرچ سے ملنے والی معلومات کو نیوزی لینڈ یا بیرون ملک ملتی جلتی صورتحال کی منصوبہ بندی اور بحالی کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

### پروجیکٹ میں حصہ لینے کے ممکنہ خطرات کیا ہیں؟

ہمیں اندازہ ہے کہ کچھ مواد چند لوگوں کے لئے ممکنہ طور پر تکلیف دہ ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو دوران انٹرویو گھبراہٹ ہو تو نرس مناسب سپورٹ اور کلینیکل انٹروینشن فراہم کر سکتی ہے۔ اگر صحت سے متعلق ممکنہ خطرات کی نشاندہی ہوئی تو مناسب علاج مہیا کرنے والوں کو ریفر کیا جائے گا۔ اگر آپ یا آپ کے اہل خانہ کے لئے انٹرویو پریشانی کا باعث ہو تو آپ کسی بھی وقت پروجیکٹ سے دستبردار ہو سکتے ہیں۔

## پروجیکٹ میں شرکت کرنے کے لئے ادائیگی کسے کرنا ہو گی ؟

اس پروجیکٹ میں شرکت کرنے کی کوئی فیس نہیں ہے۔

پروجیکٹ میں شرکت کے عوض آپ کے قیمتی وقت کو سراہتے ہوئے آپ کو50 ڈالر کا واؤچر دیا جائے گا۔

## میرے حقوق کیا ہیں؟

**کیا میرا حصہ لینا لازمی ہے؟**

اس پروجیکٹ میں حصہ لینا یا نہ لینا آپ کی مرضی ہے۔ اگر آپ حصہ نہیں لینا چاہتے ہیں تو آپ کو کوئی وجہ بتانے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کو ان سوالوں کے جوابات دینے کی ضرورت نہیں ہے جن کا آپ جواب نہیں دینا چاہتے ہیں۔ آپ کو اپنے جوابات پر نظرثانی کرنے اور تبدیل کرنے کا حق بھی حاصل ہے۔

آپ کو ابھی فیصلہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ آیا آپ اس پروجیکٹ میں حصہ لینا چاہتے ہے یا نہیں۔ فیصلہ کرنے سے پہلے آپ اس کے بارے میں دوسرے لوگوں، جیسے فیملی، دوست، یا ہیلتھ کیئر پروائیڈر کے ساتھ مشورہ کر سکتے ہیں۔

**کیا میرے اس پروجیکٹ میں حصہ لینے کو خفیہ رکھا جائے گا؟**

فراہم کردہ تمام معلومات کو انتہائی رازداری سے رکھا جاتا ہے۔ رازداری بہت اہم ہے اور ہم اس کو ہر ممکن طور پر یقینی بناتے ہیں۔ ریسرچ ٹیم کو رازداری کی تربیت (Confidentiality training) دی گئی ہے اور ان سے حلف لیا گیا کہ وہ ٹیم کے باہر کسی سے اس بارے میں بات چیت نہیں کریں گیں۔

اُرْدُو زبان میں رابطے کے لیے فون نمبر ذیل میں دیے گئے ہیں اور مسلم انٹرویو لینے والوں کے نام www.otago.ac.nz/march پر موجود ہیں۔ آپ اپنے انٹرویو لینے والے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ ایسا ممکن ہے کہ آپ اپنے انٹرویو لینے والے فرد کو جانتے ہوں کیونکہ وہ آپ کا کمیونیٹی ممبر ہے۔ تاہم، وہ آپ کی شراکت کو خفیہ رکھیں گیں اور انٹرویو کے بارے میں دوسرے کمیونٹی ممبر سے بات نہیں کریں گیں۔

پروجیکٹ پر مشتمل کسی رپورٹ میں آپ کی شناخت ظاہر نہیں کی جائے گی۔ تمام رپورٹس میں عمومی نتائج بیان کیے جائیں گے تاکہ کسی فرد کی شناخت ممکن نہ ہو۔

فراہم کردہ معلومات کو یونیورسٹی آف اوٹاگو، کرائسٹ چرچ کے شعبہ نفسیاتی میڈیسن کے کمپیوٹر میں دس سال تک محفوظ رکھا جائے گا۔ ان معلومات تک صرف چیدہ چیدہ محققین کو رسائی حاصل ہو گی۔ کچھ اعداد و شمار مستقبل میں ہونے والی ریسرچ میں استعمال کرنے کے لئے دستیاب ہو سکتے ہیں، لیکن یہ رسائی محض چیدہ چیدہ محققین کو حاصل ہو گی۔

آپ کو پروجیکٹ میں اپنے بارے میں جمع کی گئی معلومات تک رسائی کا حق حاصل ہے۔

## پروجیکٹ کے بعد کیا ہو گا یا اگر میں اپنا خیال بدل لوں؟

اگر آپ ابھی حصہ لینا چاہتے ہیں، لیکن بعد میں آپ کا خیال بدل گیا، تو آپ کسی بھی وقت پروجیکٹ سے دستبردار ہو سکتے ہیں۔

**پروجیکٹ کے نتائج کا کیا ہوگا؟**

ہم 2021 کے آخر تک پروجیکٹ کے انٹرویوز مکمل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ مقامی مسلم کمیونٹی کے سامنے اس پروجیکٹ کے نتائج کو پیش کیا جائے گا۔ نتائج کو سائنسی جرائد میں بھی شائع کیا جائے گا اور انہیں قومی اور بین الاقوامی کانفرنسوں میں بھی پیش کیا جائے گا۔ پروجیکٹ میں شریک افراد کی شناخت ان اشاعتوں یا پریزنٹیشنز میں سے کسی میں بھی ظاہر نہیں کی جائے گی۔

## میں پروجیکٹ کے بارے میں مزید معلومات یا خدشات کے لئے کس سے رابطہ کروں ؟

اگر آپ کو کبھی بھی پروجیکٹ کے بارے میں کوئی سوالات، خدشات یا شکایات ہیں تو آپ محققین کے ساتھ گفتگو کر سکتے ہیں۔ اس ضمن میں رابطہ کے لیے دفتری اوقات میں کال یا میسیج کریں۔ تمام انٹرویو لینے والے انگریزی بولتے ہیں۔

- 0212790058 انگریزی
- 0212790459 ہندی / اردو

یا march15study@otago.ac.nz پر ای میل کریں۔

اگر آپ کسی ایسے شخص سے بات کرنا چاہتے ہیں جو اس پروجیکٹ میں شامل نہیں ہے تو، آپ غیر جانبدار ہیلتھ اور ڈس ایبیلیٹی ایڈووکیٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں:

فون: 0800 555050
فیکس: 0800 2SUPPORT (0800 27877678)
ای میل: advocacy@advocacy.org.nz

ماوری (Maori) ہیلتھ سپورٹ کے لئے براہ کرم رابطہ کریں:

ریچل ڈے - برائون

فون: 03 372 6700

آپ اس پروجیکٹ کی منظوری دینے والے ادارے، ہیلتھ اور ڈس ایبیلیٹی کی اخلاقیاتی کمیٹی (ایچ ڈی ای سی) سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں:

فون: 0800 4ETHICS

ای میل: hdecs@moh.govt.nz

# جزاکم اللہ خیر، و ألسلام علیکم